E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 6 نومبر 2026ء/25 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 20 روپے | شمارہ 264

دونوں ممالک کی کمپنیوں کو ایک دوسرے کی مہارت، تجربے اور تکنیکی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے

روس کے ساتھ ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں

احسن اقبال

اڑان پاکستان کے پانچ بنیادی ستونوں میں ای پاکستان بھی شامل ہے جس کے ذریعے ملک کو جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل جدت اور علم پر مبنی معیشت کی جانب گامزن کرنا ہے

پاکستان 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے کا ہدف رکھتا ہے اور اس قومی ترقیاتی وژن میں ڈیجیٹل معیشت کو کلیدی اہمیت حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور روس نے جدید ٹیکنالوجی تک کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے، مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ ٹیکنالوجی اور سائبر سیکیورٹی میں مشترکہ منصوبے شروع کرنے اور فنی شعبے کے درمیان کاروباری روابط مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے پاکستان اور روس کے درمیان آئی ٹی تعاون کے حوالے سے منعقدہ دوسرے مذاکرات کی صدارت کی۔ اجلاس میں روسی وفد کی قیادت نائب وزیر ڈیجیٹل ترقی، مواصلات اور ماس میڈیا الیگزینڈر شولگن نے کی جبکہ پاکستانی وفد میں وفاقی وزراء، اعلیٰ حکام اور نجی شعبے کے نمائندے شامل تھے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کو عملی شراکت داری، سرمایہ کاری اور مشترکہ کاروباری منصوبوں میں تبدیل کرنا چاہیے تاکہ دونوں ممالک کی عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان ڈیجیٹل معیشت اور جدید ٹیکنالوجی میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں ممالک کی کمپنیوں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، وزارت صحت کو ایک ہفتہ میں انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت

پولیو سے پاک پاکستان کا حصول بڑا چیلنج

2026 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3، بنوں سے 3 اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، ضلع خیبر سے سامنے آنے والے تمام پولیو کیسز افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں

انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ہر بچے تک رسائی اور ہر خطرے کا بروقت تدارک ناگزیر ہے۔ پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت صحت ایک ہفتہ کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کر کے انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)



لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم پولیس بیگج بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر انسداد منشیات کی سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ٹول ریلیف پروگرام پر پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ پٹرولیم سیکٹر سمیت تمام متعلقہ ادارے اس پروگرام کے تحت رجسٹرڈ منشیات کی سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کیے جائیں۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

وزیر خزانہ کا ٹول ریلیف پروگرام کی پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار

سہون پولیو ٹرمل کیس، مجرم ابراہیم پھوڑ کو عمر قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

ڈیتھ سیشن کورٹ خلل نے شواہد اور گواہوں کے بیانات کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ سنا دیا

جیکب آباد (این این آئی) ایڈیشنل سیشن کورٹ خلل نے سہون پولیو ٹرمل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم ابراہیم پھوڑ کو عمر قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم دے دیا۔ مقدمے کی سماعت کے دوران عدالت نے پیش کیے گئے شواہد، گواہوں کے بیانات اور قانونی کارروائی کا جائزہ لیا، جس کے بعد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

پنجاب کے تمام پیا سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن کا فیصلہ

جعلی انرولمنٹ ثابت ہونے پر سکول کا لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے تمام پیا سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن کا فیصلہ کر لیا گیا۔ جاب کے 141 اضلاع کا فیصلہ کیا گیا۔ جاب کے 141 اضلاع میں لائسنسی سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن 20 نومبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ پرسنز اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

سرکاری پنگ بہتاولوں سے پرائیویٹ سیکورٹی کا ٹھیکہ دینے کا اختیار واپس، سنٹرل ٹکریٹ ہوگا

3 ارب 60 کروڑ روپے سے زائد لاگت، 5 ہزار سیکورٹی اہلکار تعینات ہوں گے، گارڈ کی ماہانہ تنخواہ 60 ہزار روپے مقرر

لاہور (این این آئی) محکمہ سیاحت و ثقافت پنجاب نے سرکاری پنگ بہتاولوں سے پرائیویٹ سیکورٹی کا ٹھیکہ دینے کا اختیار بھی واپس لے لیا۔ ادویات کے بعد اب 61 پنگ بہتاولوں میں سیکورٹی کا بھی سنٹرل ٹکریٹ ہوگا۔ پنگ بہتاولوں کی سیکورٹی کے سنٹرل ٹکریٹ کی لاگت 3 ارب 60 کروڑ سے زائد ہوگی۔

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس آفیسرز کنونشن بورڈ کا اجلاس، اہم انتظامی و پولیسنگ امور پر جائزہ خیال

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت پولیس آفیسرز کنونشن بورڈ کا اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا جس میں پنجاب پولیس کے تمام ریجنل اور زونل سینئر افسران نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



لاہور: صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ اقبال مسافران میں حکومت پنجاب کی جانب سے جدید ایمبولینس تقسیم کر رہے ہیں

ریلویز پولیس کی نوماہی فلاحی کارکردگی رپورٹ جاری، 698 گمشدہ بچے والدین سے ملوا دیئے

مسافروں کی قیمتی سامان تلاش کر کے واپس کرنا ریلویز پولیس کی دیانتداری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔

1843 مسافروں کا ساڑھے 3 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا سامان واپس، 11 ہزار سے زائد طبی و امدادی سہولیات فراہم

لاہور (این این آئی) ریلویز پولیس کی نو ماہی فلاحی کارکردگی کی رپورٹ جاری کر دی گئی، 698 گمشدہ بچے، بچیاں اور لڑکیاں بحفاظت والدین کے حوالے



حکومت گنے کی قیمت 700 روپے مقرر، کرشنگ 10 نومبر تک شروع کرے

پنجاب حکومت کی زرعی پالیسی دکھاوا، عملاً اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، حکومت نے پٹرولیم لیوی کو ختم نہ کیا تو اسلام آباد لانگ مارچ ہوگا

امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری کی ڈاکٹر بابر رشید، ڈاکٹر افتخار چوہان کے ہمراہ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ گنے کے کاشتکار اس وقت شدید معاشی مشکلات اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں، ایک طرف کسانوں کی گنے کی فصل تیار کھڑی ہے، دوسری جانب شوگر ملز مالکان نے حالیں کرشنگ سیزن شروع نہیں کیا، گنے کی قیمت 700 روپے فی من مقرر اور کرشنگ کا آغاز 10 نومبر تک شروع کیا جائے، گنے کی فصل بھی لیٹ ہوگی گندم کی فصل بھی اتنی دیر سے کاشتی جائے گی، وسیع تر مفاد میں حکومت نے کسان پیکیج کے نام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

مقصود جمالی کے قتل کے خلاف ورثاء کا قرآن پاک اٹھا کر احتجاج

پی ٹی ایس سی اسسٹنٹ کمشنر پیکیجن افسران کے امتحان 2025ء کے نتائج کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے اسسٹنٹ کمشنر اور پیکیجن آفیسر کے امتحان 2025ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ امتحان میں شامل امیدواروں میں سے 88 امیدوار کامیاب جبکہ 28 امیدوار ناکام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

بااثر شخص پر قتل کا الزام، عدالت سے رجوع کرنے کے بعد سیدھی گولیاں لگنے کا دعویٰ

اہل خانہ نے انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کر دی

جیکب آباد (این این آئی) تحصیل خل کے گاؤں پیارو کھوسو میں مبینہ طور پر قتل کے مقصود جمالی کے ورثاء نے قرآن پاک اٹھا کر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور انصاف و تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔



فیصل آباد پریس کلب پاکستان کا پہلا پریس کلب ہوگا جہاں انتخابات ڈیجیٹل بائیومیٹرک نظام کے تحت منعقد کیے جائیں گے

فیصل آباد پریس کلب کے انتخابات ڈیجیٹل بائیومیٹرک نظام کے تحت کرانے کا فیصلہ

بائیومیٹرک نظام اور سکروٹنی کمیٹی کا قیام انتخابی عمل میں شفافیت، میرٹ اور اعتماد کو فروغ دے گا

بائیومیٹرک نظام فراہم کرنے والی کمپنی کے نمائندے نے کابینہ کو نظام کی فعالیت اور انتخابی عمل میں استعمال کے حوالے سے بریفنگ بھی دی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد پریس کلب کی کابینہ کا اجلاس صدر محمد بلال ڈوگر کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مہمان کی سکروٹنی کے حوالے سے اہم امور پر غور کیا گیا۔ صدر محمد بلال ڈوگر نے کہا کہ فیصل آباد پریس کلب پاکستان کا پہلا پریس کلب ہوگا جہاں انتخابات ڈیجیٹل بائیومیٹرک نظام کے تحت منعقد کیے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے سکروٹنی کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو ممبران کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

پنجاب پاکستان کا پہلا صوبہ ہے جس نے نیشنل پاپولیشن کونسل کا ڈیکلریشن منظور کیا ہے

آبادی سے متعلق موثر پالیسی سازی کے لیے وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان ڈیٹا شیئرنگ اور باہمی ہم آہنگی ضروری ہے

ملاقات میں آبادی کے بڑھتے ہوئے رجحانات، پالیسی سازی اور انٹلیجنس اداروں کے درمیان تعاون کو مزید موثر بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈیجیٹل چیف سیکرٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ ہوئی آبادی کو قومی اثاثہ بنانے کے لیے معیاری تعلیم، فی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہیں، آبادی کا مسئلہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے اور اس پر جتنی توجہ دی جائے کم ہے، آبادی میں بے لگام اضافے کو روکے بغیر دیگر مسائل کا مؤثر حل ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب پاپولیشن کونسل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر فورسز ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا میں افسران اور جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں

مظاہرہ اللہ بٹ سے برطانوی پارلیمنٹ کے لیبر گروپ کے سربراہ ڈیوڈ کریس کی ملاقات، صحت کشمیر کی اہم امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد مظاہرہ اللہ بٹ سے برطانوی پارلیمنٹ کے لیبر گروپ کے سربراہ ڈیوڈ کریس نے ملاقات کی، ملاقات میں صحت کشمیر کی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

راولپنڈی: چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر فورسز ہیڈ کوارٹرز ایس ایس جی تربیلا میں افسران اور جوانوں کو خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد میں ریٹائرڈ ملازمین میں پنشن آرڈرز تقسیم

پنجاب بیورو جوب کمپنی اور ای او بی آئی کے اشتراک سے تقریب، مستحق پنشنرز میں پنشن مینٹ آرڈرز جاری

دیگر نمایاں مقررین میں فیصل آباد ناردرن کے ریجنل ہیڈ سجاد احمد اور فیصل آباد سینٹرل کے ریجنل ہیڈ حاضر علی خان شامل تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پنجاب بیورو جوب کمپنی لمیٹڈ (PBCL) نے ایمپلائز میں EOBI اسلام آباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر ریجنل کے تعاون سے فیصل آباد ناردرن کے ریجنل ہیڈ حاضر علی خان شامل تھے



پاکستان میں رواں سال کا نواں پولیو کیس خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر سے رپورٹ

ڈی پی او لانگ کی تھانہ جنڈ میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل فوری حل کرنے کے احکامات

لانگ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لانگ کیپٹن (ر) علی بن طارق نے تھانہ جنڈ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ ڈی پی او لانگ نے شہریوں کی شکایات تفصیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



کراچی: انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کیس کا اشتہاری ملزم ایف آئی اے کی تحویل میں

تعلیمی اداروں میں قرآن فہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

معاشرے میں برداشت اور محبت کے فروغ کیلئے قرآنی تعلیمات عام کی جائیں، ڈاکٹر راغب نعیمی

جامعہ نعیمیہ میں تفسیر برہان القرآن کی تقریب رونمائی، شیوخ الحدیث اور علماء کرام کی بھرپور شرکت

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں قرآن فہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، معاشرے میں برداشت اور محبت کے فروغ کے لیے قرآنی تعلیمات عام کی جائیں، قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل ہی کامیابی کا راستہ ہے، نوجوانوں کو جدید تعلیم کے ساتھ دینی شعور سے بھی آراستہ کیا جائے، تفسیر برہان القرآن مولانا طیب نقشبندی کا بہت بڑا علمی کارنامہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ نعیمیہ میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

پنجاب کا ڈکنٹرائب کیس فورس کی کارروائیاں، 155 آپریشنز میں 175 ملزمان گرفتار، 969 کلوگرام منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے منشیات سے پاک پنجاب کے وژن کی تکمیل کے لیے پنجاب کانسٹرائب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

علی ڈار کو بین الاقوامی تعاون کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا

آفس آف انٹرنیشنل کوآرڈینیشن اینڈ کوآپریشن کے سربراہ بھی مقرر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر شیر دزیر علی پنجاب علی ڈار کو بین الاقوامی تعاون کا اضافی قلمدان سونپ دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی انہیں آفس آف انٹرنیشنل کوآرڈینیشن اینڈ کوآپریشن کے سربراہ بھی مقرر کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

پنجاب میں پیا سکولوں کی فزیکل ویری فکیشن کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے تمام پیا سکولوں میں طلباء کی فزیکل ویری فکیشن کا عمل 20 نومبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ پرسنز اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی رحمت و ہدایت کا سرچشمہ ہے، مولانا عبدالمجید فاروقی

موجودہ دور کے سماجی و اخلاقی بحرانوں کا حل تعلیمات نبوی ﷺ میں پنہاں ہے، صدر مرکزی علماء کونسل سندھ

انٹرنیشنل اسلامی سیٹی نیشن (EOBI) جنرل (B&C-III) محمد امین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے اشتراک سے 2 نومبر 2026 کو ویسٹ ان ہوٹل، فیصل آباد میں پنشن آرڈرز دوران، محمد امین نے شرکا کو EOBI اس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

وفاقی محتسب علاقائی دفتر فیصل آباد کے نظر ثانی مقدمات کی سماعت لاہور میں منتقل

شہریوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے شکایت دہلیز پر کرانے کی سہولت بالکل مفت ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب پاکستان جناب نوید اکرم چوہدری کے دفتر فیصل آباد کے نظر ثانی (Review) مقدمات کی سماعت وفاقی محتسب علاقائی دفتر لاہور میں قائم نظر ثانی کمیٹی کے روبرو منعقد ہوئی۔ اس موقع پر علاقائی دفتر فیصل آباد کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی کے انتقال پر تعزیت کرنے والوں کا اظہار تشکر

پاک و ہند کی مساجد و مدارس میں غائبانہ نماز جنازہ، ہزاروں افراد کی دعائیں

بمبئی کے 11 مقامات سمیت دہلی اور دیگر شہروں میں بھی اجتماعات منعقد ہوئے

لاہور (این این آئی) جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان کے تنظیمی مرکزی امیر اور جامعہ ستاریہ الاسلامیہ گلشن اقبال کراچی کے مدیر پروفیسر محمد سلفی، مفتی عبدالغفار ساجی، اسامہ نثار فاروقی، مولانا سلفی کے صاحبزادگان سعود سلفی اور فیصل حسان سلفی سمیت دیگر نے مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی کے انتقال پر تعزیت کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، بالخصوص کراچی کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) مصطفیٰ نامل کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

پونچھ و سدھنوتی کے سیاسی نمائندوں وفد کی جانب سے موصولہ درخواست کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

انتخابی عمل کو صاف و شفاف، غیر جانبدارانہ اور تمام امیدواران کو یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے احکامات جاری

مظفر آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) مصطفیٰ نامل کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں سینئر ممبر الیکشن کمیشن خواجہ محمد احسن، ممبر الیکشن کمیشن سید نظیر حسین گیلانی، سیکرٹری الیکشن کمیشن سید ظفر حسین شاہ، ڈائریکٹر جنرل الیکشن کمیشن، چیف الیکشن کمشنر کے سیاسی مشیر، ڈپٹی کمشنر مظفر آباد، ڈپٹی کمشنر پونچھ، ڈپٹی کمشنر سدھنوتی، ڈپٹی کمشنر باغ، ڈپٹی کمشنر حویلی، ڈپٹی کمشنر نیلم، ڈپٹی کمشنر ہٹیاں بالا، ڈپٹی کمشنر نیلم، ڈپٹی کمشنر ہٹیاں بالا، ڈپٹی کمشنر حویلی

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک میں پولیو کے سامنے آنے والے حالیہ کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، انسدادِ پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت صحت ایک ہفتہ کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کرکے انسدادِ پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لئے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسدادِ پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ملک بھر میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔ وزیراعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے سکیورٹی کے حوالے سے حساس اور مشکل علاقوں میں انسدادِ پولیو مہمات کے لئے رسائی میں نمایاں بہتری کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم نے ملک میں سامنے آنے والے حالیہ پولیو کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خلاف پہلے سے زیادہ بہتر حکمت عملی اور بھرپور جدوجہد سے آگے بڑھنا ہوگا۔ وزیراعظم نے وفاقی وزیر، وزیر صحت، سیکرٹری قومی صحت اور انسدادِ پولیو ٹیم کے اراکین کو فوری طور پر چاروں صوبوں کا فوری دورہ کرکے وزارِ اعلیٰ اور چیف سیکرٹریز سے ملاقاتوں کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد انسدادِ پولیو کے مربوط لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ اجلاس کو ملک میں حالیہ پولیو کیسز اور انسدادِ پولیو کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آج ہی ضلع خیبر سے پولیو کا نیا کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 9 ہوگئی، 2026 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3، بنوں سے 3 اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، ضلع خیبر سے سامنے آنے والے تمام پولیو کیسز افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں۔

مریم نواز شریف: پنجاب میں خدمت، ترقی اور میرٹ کی نئی مثال، اٹک میں 127 عوامی منصوبوں کا افتتاح

پروگرام کے پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد اپنی انٹری کروا چکے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری بھی دے دی۔

اپنی جیت، محفوظ جیت سیکم کے تحت درخواستیں وصول کرنے کا عمل مکمل ہونے کے بعد 3055 درخواست دہندگان کو مجموعی طور پر ایک ارب 21 کروڑ 60 لاکھ روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت 532 گھروں کی تعمیر اور توسیع کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو سکیم کے مقررہ اہداف بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ پاکستان میں کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے اپنے گھر کی تعمیر ایک بڑا خواب ہے۔ کرایوں میں اضافے، تعمیراتی سامان کی مہنگائی اور محدود آمدنی کے باعث بہت سے خاندان برسوں کی محنت کے باوجود اپنی چھت حاصل نہیں کر پاتے۔ ایسے حالات میں آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی ایک مؤثر سماجی و معاشی اقدام بن سکتی ہے۔ اپنی جیت پروگرام کے تحت 15 لاکھ سے زائد افراد کی فراہمی کا عمل آسان، شفاف اور تیز رفتار ہو۔ درخواست گزاروں کو غیر ضروری دفتری کارروائیوں سے بچایا جائے اور تعمیراتی مراحل کی نگرانی کے ساتھ یہ بھی یقینی بنایا جائے کہ قرضوں کا حقیقی فائدہ مستحق خاندانوں تک پہنچے۔ 17 لاکھ سے زائد افراد کی دلچسپی اس پروگرام کی عوامی اہمیت کو ظاہر کرتی ہے، تاہم اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہوگی جب درخواستوں کی جانچ اور منظوری کے عمل میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔

اٹک کے دورے اور زیرِ التوا منصوبوں کے حوالے سے وزیراعلیٰ کے خطاب سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پنجاب حکومت اپنی ترقیاتی حکمت عملی میں متعدد شعبوں کو ایک ساتھ آگے بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ ایک طرف مرکزی شہر، ڈسٹرکٹ اور تحصیل ہیڈکوارٹرز کے منصوبے ہیں، دوسری طرف تعلیم، لیپ ٹاپ، وظائف، ای بائیکس اور اسٹریٹ سویپنگ روبوٹ جیسے منصوبے ہیں جن کا براہِ راست تعلق عوام کی روزمرہ زندگی سے ہے۔ یہ تمام شعبے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ان میں ہم آہنگی ہی عوامی زندگی میں حقیقی تبدیلی پیدا کر سکتی ہے۔

مریم نواز شریف نے خطاب کے دوران ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ ان کی ترجیح ترقی کے ثمرات کو شہر کی صرف چند مخصوص آبادیوں تک محدود رکھنا نہیں بلکہ ہر ضلع اور ہر تحصیل تک پہنچانا ہے۔ اٹک میں ہونے والے 127 منصوبوں کا تعلق صحت، تعلیم، پینے کے پانی، سڑکوں، کھیل کے میدانوں اور دیگر بنیادی ضروریات کو بہتر بنانے سے ہے۔ اگر ان منصوبوں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تو اس کے مثبت نتائج براہِ راست طلبہ اور ان کے خاندانوں تک پہنچیں گے۔

اسی طرح گرین بسوں کا منصوبہ شہری ٹریفک کے مسائل کے حل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ بہتر بسیں نہ صرف سفر کو آسان بنائیں گی بلکہ نجی گاڑیوں پر انحصار کم کرنے میں بھی مدد دیں گی۔ بہتر پبلک ٹرانسپورٹ کے ساتھ ساتھ پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ اور باقاعدہ سڑکیں فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ جدید اور حلال دوست بسوں کے ذریعے نہ صرف شہریوں کو سفر میں سہولت میسر آسکتی ہے بلکہ ٹریفک کے دباؤ اور ماحولیاتی آلودگی میں بھی کمی کے امکانات بھی پیدا ہوتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ حکومت کی اولین ترجیح موسم سرما کے دوران شہریوں کو مناسب نرخوں پر گیس کی فراہمی یقینی بنانا ہے تاکہ سردی کے موسم میں گھریلو صارفین کو مشکلات اور اضافی مالی بوجھ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

تجویز پی ایف یو کے مطابق ترقیاتی کاموں کا شفاف، متوازن اور غیر جانبدارانہ بنیادوں پر تعین، ضلع کی ہر تحصیل کی ضروریات کو مدِنظر رکھنا، ٹھیکے کی کثیر صورت حال اور ایل ایچ سی کی آمد میں پیش آنے والی مشکلات کو دور کرنا، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کو ٹراما سینٹر میں تبدیل کرنا، ہر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ایمرجنسی سروسز کا قیام، ہر ضلع میں ایک جدید ٹراما سینٹر کا قیام

بلیٹن نمبر 1

جائے گا۔ انہوں نے پی ایس کی سی اے کے دفتر کے سامنے خیمہ بستی کو ختم کرنے کی تجویز کو سراہا اور اقتدار کے مقامی سربراہ کا مطالبہ کیا کہ وہ اس حوالے سے تجویز دیں تاکہ اس کی منظوری دی جا سکے۔ اس کے علاوہ کے جاب میں انہوں نے کہا کہ مختلف بیٹنوں کی ہڑتال پارٹی کے ذریعے آؤٹ سورسنگ کی شق موجود ہے جس کے تحت تعلیم بیڑی سمیت دیگر اہلی اشیاء کے ٹیسٹ فی لیبارٹریوں سے کرائے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے ضلع کونسل کے مسائل کے حل کیلئے ہیلپ ڈیسک اور ٹوکل پرسن مقرر کرنے کا بھی یقین دلایا۔ اس سے قبل فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر میاں محمد سعید نے ضلع کونسل فیصل آباد کے ایڈمنسٹریٹر کی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مختلف کمیٹیوں کے ممبران ضلع کونسل کے مختلف محکموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کونسل فیصل آباد کے مختلف محکموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کونسل فیصل آباد کے مختلف محکموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کونسل فیصل آباد کے مختلف محکموں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔

بلیٹن نمبر 2

ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کی تشکیل میں سابقہ سیکرٹری اور مالی فراڈ کی روک تھام کو مرکزی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے یہ بات یہاں ماسٹر کارڈ کے وفد سے ملاقات میں کہی، وفد کی قیادت مارک ایلیٹ، ڈویژن پبلک پراسیکیوٹر ریجن کر رہے تھے۔ ملاقات میں ڈپٹی کمشنر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) مالیاتی شعبوت، سابقہ سیکرٹری اور پاکستان میں کیش لیس معیشت کے فروغ کے لیے باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماسٹر کارڈ کی دیرینہ وابستگی اور لگ بھگ دو دہائیوں تعلق کی شناخت ہے اور ماسٹر کارڈ کی ٹیکنالوجی کی ترقی اور کیش لیس معیشت کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کی حیثیت سے ضلع میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پاکستان کی ڈیجیٹل مالیاتی شعبے کے تحمل میں تعاون کی دلچسپی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ، مالیاتی خدمات تک رسائی میں بہتری اور مالی معیشت میں شفافیت، کارکردگی اور سہولت بڑھانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر کے کیش لیس معیشت کے اقدام کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل مالیاتی سہولیات زراعت، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور معیشت کے دیگر محروم شعبوں میں معاونت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں، مالیاتی شمولیت کے وسیع تر اہداف کے حصول کے لیے ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کا دائرہ بڑھانا ضروری ہے۔ ملاقات میں سرحد پار ترسیلات زر کے نظام میں بہتری، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور سابقہ سیکرٹری کے فروغ کے امکانات کو تلاش کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے زور دیا کہ محفوظ اور مستحکم ڈیجیٹل مالیاتی نظام کی ترقی کے لیے سائبر سیکورٹی اور مالی فراڈ کی روک تھام کو بنیادی ترجیح دی جانی چاہیے۔ اس موقع پر مارک ایلیٹ نے پاکستان کے لیے ماسٹر کارڈ کے طویل المدتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی اپنی عالمی مہارت اور تکنیکی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر پاکستان کی ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل میں معاونت فراہم کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل مالیاتی کی تعلیم، مالیاتی شمولیت، ترسیلات زر اور سائبر سیکورٹی کے شعبوں میں مزید تعاون کے امکانات کو اجاگر کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے پاکستان میں ماسٹر کارڈ کی مسلسل وابستگی اور سرمایہ کاری کے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت جدت کے فروغ اور سرکاری و نجی شعبے کے درمیان شراکت داری مضبوط بنانے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے عزم پر قائم ہے۔ ملاقات میں دونوں جانب سے ترقی پذیر رابطے برقرار رکھنے اور پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کے لیے مکمل تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ماسٹر کارڈ کے وفد میں کنٹری منیجر پاکستان اور افغانستان ارسلان خان اور ڈائریکٹر پبلک سیکٹر جہزاں جمشید بھی شامل تھے۔

بلیٹن نمبر 3

پی ٹی وی ہیڈ کوارٹرز میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال اور وزیر مملکت برائے اطلاعات طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ایک بڑی شرم ہمارے لیے اور غریب کے درمیان امتیاز نہیں ہونا چاہیے، تجاوزات کے خلاف کارروائی میں کسی غریب کے ٹھرے کو چھیڑے جائے یا غیر قانونی عمارت مسمار کی جائے تو سب سے پہلے وہ ہمارے راستے میں آئیں گے، ہم اور ہمارے ادارے کی ٹیمیں ایسے لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے موجود ہیں، ہم ایسے لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے تیار ہیں جو بیمار ہیں یا بے روزگار ہیں، ہم ایسے لوگوں کو ریلیف دینے کے لیے تیار ہیں جو آمدنی والے بہت متاثر ہوئے ہیں جن گھروں میں پانچ سے چھ افراد ہیں ان کے لئے گھر چلانا مشکل ہو گیا ہے جن کے گھروں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے غریب اور کم آمدنی والے بہت متاثر ہوئے ہیں جس گھر میں پانچ سے چھ افراد ہیں ان کے لئے گھر چلانا مشکل ہو گیا ہے جن کے گھروں میں مسلسل اضافہ

PSQCA معیاری مصنوعات کی برآمد بڑھانے کیلئے کوشاں، سیدہ ضیاء بتول

مختلف اشیاء کے معیار مقرر کرنے کے علاوہ متروک ہونے والے معیارات کو اَپ گریڈ کرنے کیلئے سفارشات جلد وفاقی کابینہ کی منظوری کیلئے پیش کر دی جائیں گی

اس ادارے کی ذمہ داریوں میں ایک لوگوں کیلئے سہولتیں مہیا کرنا مگر اس پر زیادہ توجہ نہیں دی گئی، چیمبر میں بزنس کمیونٹی سے خطاب

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی معیاری مصنوعات کی تیاری کے ذریعے برآمدات بڑھانے کیلئے فوری اقدامات کر رہی ہے جبکہ مختلف اشیاء کے معیار مقرر کرنے کے علاوہ متروک ہونے والے معیارات کو اَپ گریڈ کرنے کیلئے سفارشات جلد وفاقی کابینہ کی منظوری کیلئے پیش کر دی جائیں گی۔ یہ بات PSQCA کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سیدہ ضیاء بتول نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے کی ذمہ داریوں میں ایک لوگوں کیلئے سہولتیں مہیا کرنا مگر اس پر زیادہ توجہ نہیں دی گئی۔ انہوں نے لوگوں کی آگاہی کیلئے نومبر کے آخری ہفتہ میں مشترکہ سیمینار منعقد کرانے کا اعلان کیا اور کہا کہ اتھارٹی کی ڈیجیٹلائزیشن پر بھی کام ہو رہا ہے جبکہ فیصل آباد میں مختلف مصنوعات کی ٹیسٹنگ کیلئے لیبارٹری بھی قائم کی جائے گی۔ انہوں نے بہت سی اشیاء کے معیارات کا ذکر کیا اور کہا کہ متعلقہ سٹیک ہولڈرز اس بارے میں اپنی سفارشات پیش کریں تاکہ ان کی کابینہ سے منظوری لی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

برآمدات پر مبنی معاشی نمو حکومت کی اولین ترجیح ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

صنعتوں کی مسابقت بڑھانے کے لئے جدت، ٹیکنالوجی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ضروری ہے



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے فروغ کے لئے پرعزم ہے، عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنے کے لئے کاروباری اداروں کو جدت، پیداواری صلاحیت میں اضافے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی ٹی ای اے) کے چیئرمین ریحان نسیم بھرارہ کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات میں ٹیکسٹائل کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

میٹرو منصوبے کی زد میں آنیوالے 670 پرانے درخت 3 مقامات پر ٹرانسپلانٹ

کلیم شہید پارک میں اب تک 367، باغ جناح میں 166 اور دھوبی گھاٹ گراؤنڈ (اقبال پارک) میں 137 درخت ٹرانسپلانٹ کئے گئے ہیں

پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی/سابق چیف سیکرٹری پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ زاہد سعید نے باغ جناح میں ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کا دورہ کیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد میٹرو بس پراجیکٹ روٹس کی زد میں آنے والے 670 پرانے درخت تین مقامات پر ٹرانسپلانٹ ہو چکے ہیں جبکہ باقی ماندہ 125 درخت بھی تیزی سے ٹرانسپلانٹ کرانے کا عمل جاری ہے۔ کلیم شہید پارک میں اب تک 367، باغ جناح میں 166 اور دھوبی گھاٹ گراؤنڈ (اقبال پارک) میں 137 درخت ٹرانسپلانٹ کئے گئے ہیں۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی/سابق چیف سیکرٹری پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ زاہد سعید نے باغ جناح میں ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کا دورہ کیا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کے قیام کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی دلاور خان اور دیگر افسران موجود تھے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی نے فیصل آباد میٹرو روٹ پر آنے والے درختوں کو مختلف سائٹس پر ری ٹرانسپلانٹ کرنے کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ کمشنر فیصل آباد نے گہری دلچسپی لیکر درخت تیز رفتاری سے منتقل اور ٹرانسپلانٹ کرائے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ موسم بہار تک یہ درخت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



فیصل آباد۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی/سابق چیف سیکرٹری پنجاب کیپٹن (ر) زاہد سعید اور کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ باغ جناح میں ٹری ٹرانسپلانٹیشن آرچرڈ کا دورہ کر رہے ہیں

چوہدری سالک کے پنجاب حکومت پر کرپشن کے الزامات بے بنیاد

حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بے بنیاد الزام عائد کرنے کے بعد انہیں وزارت سے بھی مستعفی ہونا چاہئے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما بیرسٹر عمر احمد منے خان نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر چوہدری سالک کو پنجاب حکومت پر کرپشن کے الزام پر ہرجانے کی رقم ادا کرنی پڑے گی حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بے بنیاد الزام عائد کرنے کے بعد انہیں وزارت سے بھی مستعفی ہونا چاہئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہرجانے کا جو نوٹس جاری کیا ہے وہ بہتر فیصلہ ہے۔ ردعمل میں انہوں نے کہا کہ ماضی میں پی ٹی آئی نے میاں نواز شریف پر نہ صرف کرپشن کے الزامات عائد کئے بلکہ جھوٹے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

پولیو ورکرز کو اغوا یا نشانہ بنانا انسانیت کے منافی ہے، شکور گجر

بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کی جدوجہد کرنے والے ورکرز کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی پی 114 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری شکور گجر نے خیبر پختونخوا میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور پولیو ورکرز کے اغوا کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں کے محفوظ و صحت مند مستقبل کے لئے قومی فریضہ انجام دینے والے پولیو ورکرز کو اغوا یا نشانہ بنانا انسانیت کے منافی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت اور زخمی اہلکار کیلئے جلد صحتیابی کی دعا کی۔ چوہدری شکور گجر نے پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر ساجد اقبال ویٹرنری مراکز کا دورہ کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان اور خواجہ آصف کی تلخی دوون میں دوستی مثبت سوچ

پاک فوج کے جوان جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں، شفیق گجر

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری شفیق احمد گجر نے کہا ہے کہ ملک کے موجودہ حالات میں سیاسی تناؤ کی بجائے مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے مولانا فضل الرحمان اور خواجہ آصف کی تلخی دوون میں دوستی مثبت سوچ ہے۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوان جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں ایسے حالات میں تمام پارلیمانی جماعتوں کو متحد ہونا چاہئے قیام امن ہوگا تو ملک بھی چلے گا معاشی و سیاسی استحکام ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ امریکہ ایران جنگ کی وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کنٹرول مشکل ہے۔

کیش لیس سہولت کے فروغ، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے دائرہ کار میں توسیع، مالیاتی خدمات تک شہریوں کی رسائی بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہیں، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں کیش لیس سہولت کے فروغ، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے دائرہ کار میں توسیع اور مالیاتی خدمات تک عام شہریوں کی رسائی بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے، محفوظ اور موثر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)



فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر میاں محمد سعید، ڈائریکٹر جنرل پاکستان سٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی ڈاکٹر سیدہ ضیاء بتول کو چیمبر کی اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بدامنی، دہشت گردی کا خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے، یاسر شاہ

مسلم امہ کو درپیش مسائل کے بہترین حل کے لیے، باہمی اتفاق و اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی وقت کی ضرورت ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈویژنل نائب صدر مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان پروفیسر حکیم سید محمد یاسر شاہ قادری نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کاوشوں سے سعودی عرب، ترکی اور ایران کا ایک ساتھ بیٹھنا انتہائی مسرت و خوشی کی بات ہے۔ مسلم امہ کو درپیش مسائل کے بہترین حل کے لیے، باہمی اتفاق و اتحاد اور مشترکہ حکمت عملی وقت کی ضرورت ہے۔ پروفیسر حکیم سید محمد یاسر شاہ قادری نے مزید کہا کہ اگر مسلمان دنیا بھر میں اپنی کھوئی ہوئی عظمت رفتہ کی بحالی چاہتے ہیں تو انہیں اپنے تمام تر اختلافات کو پس پشت ڈال کر متحد و متفق ہو کر ایک مشترکہ پلیٹ فارم سے اسلام دشمنوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

قانون سے کوئی بالاتر نہیں، ون کانسٹیٹیوشن ایونیو میں حقیقی سرمایہ کاروں کے مفادات کا تحفظ کیا جائے گا، عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کیس میں حقیقی سرمایہ کاروں کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، قانون سب کے لئے برابر ہے، ایک ہی شہر میں امیر اور غریب کے درمیان امتیاز نہیں ہونا چاہئے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

اسحاق ڈار کا اردن کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ ایمن الصفدی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اردن کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ ایمن الصفدی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں نائب وزیراعظم اسحاق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

ون کانسٹیٹیوشن ایونیو سکینڈل، ایف بی آر کی سابق چیئرمین شبر زیدی سمیت کئی بااثر افراد کیخلاف کیس کا قانونی ریکارڈ دینے میں ناکام، نیب میں کلیم ثابت نہ کر سکے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو سکینڈل کے حوالے سے انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی احتساب بیورو (نیب) کی جانب سے بارہا موقع دیئے جانے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

ٹک ٹاکرز، معاشرے کیلئے خطرہ بن چکے، افتخار نقوی

سیالکوٹ واقعہ میں غفلت کے ذمہ داروں کو عہدوں سے ہٹایا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ممبر ڈسٹرکٹ مساجد کمیٹی و ممبر امن کمیٹی ڈاکٹر افتخار حسین نقوی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بے لگام ٹک ٹاکرز، معاشرے کیلئے شدید خطرہ بن چکے، سیالکوٹ واقعہ میں غفلت کے ذمہ داروں کو عہدوں سے ہٹایا جائے، نام نہاد ٹک ٹاکر انفلوئنسر چلو سمیت تمام ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے انہوں نے سیالکوٹ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر شدید تشویش اور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے بے لگام ٹک ٹاکرز، نام نہاد سوشل میڈیا انفلوئنسرز، نوجوان نسل کے والدین اور ضلعی انتظامیہ کی غفلت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

پاکستان میں صحافی برادری کو انتہائی مشکلات کا سامنا ہے، حمزہ گلزار

صحافیوں پر ہونے والے تمام حملوں اور قتل کے کیسز کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ممتاز سیاسی سماجی شخصیت و نوجوان لیڈر حمزہ گلزار شیخ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں قانون و انصاف نہ ملنے کا یہ تسلسل نہ صرف ظالموں کے حوصلے بلند کرتا ہے بلکہ صحافت پر خوف کے سایے گہرے کرتا ہے پاکستان سمیت دنیا بھر میں سچ لکھنے اور بولنے کی پاداش میں صحافیوں کو قتل، تشدد، اغوا اور ہراسانی کا نشانہ بنایا جاتا ہے، جبکہ ان جرائم میں ملوث عناصر کو سزا نہ ملنا انتہائی تشویشناک ہے سوشل میڈیا فیکٹویز کی وجہ سے معاشرے کے اندر ون بدن عدم برداشت کی لہر بڑھتی جا رہی ہے ذمہ داران اور مثبت تعمیری صحافت موجودہ وقت کی اشد ضرورت ہے۔

صحافی معاشرے کی آنکھ اور زبان ہوتے ہیں، بابر معراج

سوشل میڈیا ٹیک نیوز کی وجہ سے معاشرے کے اندر ون بدن عدم برداشت کی لہر بڑھتی جا رہی ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) GIKI کے پرو ریکٹر بریگیڈیئر بابر معراج شامی نے کہا ہے کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور زبان ہوتے ہیں سوشل میڈیا ٹیک نیوز کی وجہ سے معاشرے کے اندر ون بدن عدم برداشت کی لہر بڑھتی جا رہی ہے ذمہ داران اور مثبت تعمیری صحافت موجودہ وقت کی اشد ضرورت ہے تاکہ عوام سنسنی اور بد امنی سے محفوظ رہ سکے، ان کی سکیورٹی اور انصاف کی فراہمی کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیادی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

حکومت کو زرعی شعبہ میں ترقی اور اصلاحات کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے، عباس حیدر

ملک کو خوشحال اور معاشی طور پر خود کفیل بنانے کیلئے زرعی ترقی کیلئے اقدامات کئے جائیں



فیصل آباد (پ ر) سٹی کلاتھ بورڈ رجسٹرڈ کے صدر زبیر قادری، جنرل سیکرٹری عباس حیدر شیخ نے کہا ہے کہ حکومت کو زرعی شعبہ میں ترقی اور اصلاحات کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان دے اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

سیف سٹی کیمرے کمائی کا بہترین ذریعہ بن چکے ہیں، ظفر شہزاد

پاکستان میں سیف سٹی کیمرے کمائی کا بہترین ذریعہ بن چکے ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان کے مرکزی چیئرمین ظفر شہزاد اسلم نے کہا ہے پاکستان کی ترقی ایسی ہی ہے کہ کوئی شخص چوکس چوراہا ہے اور اس کا معدہ دیکھ رہا ہے کہ کوئی چیز اوپر چڑھائی جا رہی ہے مگر وہ معدے میں نہیں آ رہی بالکل پاکستان کی حکومت بھی عوام کے ساتھ ایسا ہی کر رہی ہے کہ عوام کو تو کچھ نہیں مل رہا مگر ترقی اوپر ہی اوپر ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی صرف الفاظ کے گھورکھ دھندے کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

آٹا مہنگا ہو جانے کی وجہ سے غریب آدمی سستی روٹی خریداری سے محروم، عثمان باجوہ

جوں جوں آٹے کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں روٹی اور نان کی قیمتیں بھی بڑھتی جا رہی ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی فیصل آباد کے ٹکٹ ہولڈر این اے 95 سردار عثمان نواز باجوہ، تحصیل صدر سردار علی نواز باجوہ نے کہا ہے کہ گندم اور آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ سے غریب عوام کی مشکلات بڑھ رہی ہیں آٹا مہنگا ہو جانے کی وجہ سے غریب آدمی سستی روٹی خریداری سے محروم ہو گیا ہے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں آٹے کے نرخوں میں بہت بڑا فرق ہے پنجاب اور آٹے کی قیمت خیبر پختونخوا کی بہ نسبت کم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

بے لگام ٹک ٹاکرز، معاشرے کیلئے شدید خطرہ بن چکے، علی حیدر حسنی

سوشل میڈیا پر شہرت اور چند لائکس کی خاطر انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کا رجحان تشویشناک



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مشائخ اتحاد کونسل پاکستان کے صوبائی ارگنائزر صاحبزادہ پیر سید علی حیدر حسنی نے کہا کہ سوشل میڈیا پر شہرت اور چند لائکس کی خاطر انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کا رجحان انتہائی تشویشناک ہے۔ والدین بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کریں اور نوجوانوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں تاکہ وہ شہرت کے حصول میں اخلاقی اور قانونی حدود پامال نہ کریں۔ بے لگام ٹک ٹاکرز، معاشرے کیلئے شدید خطرہ بن چکے، سیالکوٹ واقعہ میں غفلت کے ذمہ داروں کو عہدوں سے ہٹایا جائے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

استحکام پاکستان اور ترقی پاکستان سیمینارز کا انعقاد ناگزیر، عبدالوحید

پاکستان کی وحدت ترقی یکجہتی اور بھائی چارے کیلئے تاریخ ساز کردار ادا کرنے پر خیبر مین مرکزی علما کونسل زاہد محمود قاسمی اور خالد محمود قاسمی کی خدمات کو خراج تحسین پیش

آج ملک میں استحکام اور بھائی چارے کو فروغ دینے کی اشد ضرورت، امام اہل سنت مرشدی مولانا محمد ضیاء القاسمی رحمت اللہ علیہ کے جانشین کی کاوشیں سب سے نمایاں ہیں

فیصل آباد (پ ر) نظریہ پاکستان فورم کے صدر میاں عبدالوحید اود جنرل سیکرٹری محمد ارشد قاسمی نے ملک بھر میں پاکستان کی وحدت ترقی یکجہتی اور بھائی چارے کے لئے تاریخ ساز کردار ادا کرنے پر ملک کے ہر دلعزیز قومی رہنما خیبر مین مرکزی علما کونسل مولانا صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی اور صاحبزادہ خالد محمود، قاسمی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج سب زیادہ ضرورت ملک کے استحکام اور بھائی چارے کو فروغ دینے کی ہے جس کے لئے امام اہل سنت مرشدی مولانا محمد ضیاء القاسمی رحمت اللہ علیہ کے جانشین کی کاوشیں سب سے نمایاں ہیں ملک بھر میں استحکام پاکستان اور ترقی پاکستان سیمینارز کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

فیول ریلیف سکیم سے کم آمدن طبقہ مستفید ہو رہا، شاہد محمود، محمد علی

حکومت عوام پر مالی بوجھ کم کرنے، ریلیف فراہمی کیلئے پرعزم ٹیکس اور لیویز میں کمی کیلئے حکومتی اقدامات جاری ہیں

مذاکرات کے دوران جماعت اسلامی کا طرز عمل قابل ستائش، جماعت نے ایندھن کی بڑھتی قیمتوں سے متعلق عوامی تشویش کو اہمیت کے ساتھ اجاگر کیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن سٹی کے سابق جنرل سیکرٹری شاہد محمود بیگ اور ممبر سنٹرل کونسل سید محمد علی بخاری نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کو سراہتے ہوئے کہا اس اسکیم سے کم آمدنی والے طبقے کے لاکھوں افراد مستفید ہو رہے ہیں۔ حکومت عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا حکومت عوام پر مالی بوجھ کم کرنے کیلئے ٹیکسوں اور لیوی میں کمی سمیت ہر ممکن اقدامات کرنے کے عزم پر قائم ہے۔ دونوں لیگی رہنماں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عوام کیلئے حکومت کی جانب سے کیے کفایت شعاری اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا حکومت نے جماعت اسلامی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

ایس آئی یو ٹی میں پاکستانی نژاد برطانوی سرجن ڈاکٹر آصف حسن کا خصوصی لیکچر

سرجری میں مہارت کے لیے مسلسل سیکھنے، تحقیق، صبر اور پیشہ ورانہ لگن ضروری ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی نژاد برطانوی ماہر امراض قلب اور ممتاز ٹرانسپلانٹ سرجن ڈاکٹر آصف حسن نے کہا ہے کہ سرجری کے شعبے میں غیر معمولی مہارت اور کامیابی صرف تجربے سے حاصل نہیں ہوتی، بلکہ اس کے لیے پیشے سے لگن، صبر و استقامت، مسلسل سیکھنے، تحقیق اور علم کے تبادلے کا جذبہ بھی ضروری ہے۔ نوجوان سرجنز کو اپنے شعبے میں مہارت حاصل کرنے کے ساتھ جدید طبی تحقیق اور پیش رفت سے ہم آہنگ رہتے ہوئے آگے بڑھنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹیشن (ایس آئی یو ٹی) میں سرجنز اور دیگر طبی ماہرین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

صنعتی و تجارتی ترقی کا عمل شروع ہو چکا ہے، طاہر جمیل

وزیراعظم پاکستان کی شبانہ روز کاوشوں اور مؤثر حکمت عملی کے باعث پاکستان بحران سے نکل چکا



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما اور پنجاب اسمبلی کے ممبر میاں محمد طاہر جمیل نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کی شبانہ روز کاوشوں اور مؤثر حکمت عملی کے باعث پاکستان بحران سے نکل چکا ہے پراجیکٹس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

صنعتی و تجارتی ترقی کا عمل شروع ہو چکا ہے دہشت گردی، غربت، مہنگائی، بیروزگاری، لاقانونیت کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے مسلم لیگ (ن) کی حکومت جب بھی برسر اقتدار آئی، ترقی خوشحالی کے

صوبے میں امن، رول آف لا، کرپشن کا خاتمہ اور ملاکنڈ ڈویژن کے مسائل کا حل موجودہ سیٹ اپ کے بڑے چیلنجز ہیں، ڈاکٹر حیدر علی خان

سوات (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حیدر علی خان نے کہا ہے کہ صوبے میں امن کی بحالی، قانون کی بالادستی، کرپشن اور بدعنوانی کا خاتمہ جبکہ سوات سمیت ملاکنڈ ڈویژن کے دیرینہ مسائل کا حل موجودہ صوبائی سیٹ اپ کے لیے بڑے چیلنجز ہیں۔

صوابی، نہروں، سرکاری اراضی سے تجاوزات ختم کرنے کا فیصلہ، محکمہ آبپاشی کو احکامات جاری

صوابی (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد سرکاری اراضی اور سڑکوں سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے جاری کارروائیوں کے سلسلے میں محکمہ آبپاشی صوابی نے بھی نہروں اور سرکاری زمینوں سے غیر قانونی قبضے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

پولیو ورکرز پر حملہ دراصل قوم کے مستقبل پر حملہ ہے

پولیو ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ کسی صورت قابل برداشت نہیں، ریاض چوہدری



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) لائق سابق مشیر وزیراعظم آزاد کشمیر محمد ریاض چوہدری نے خیبر پختونخوا کے ضلع مہمند میں انسداد پولیو ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے دو پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ انہوں نے دو ٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر تعینات اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ کسی صورت قابل برداشت نہیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی، 100 انڈیکس 3 ہزار 994 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھی گئی اور بینچ مارک کے ایس ای 100 انڈیکس 3 ہزار 994 پوائنٹس اضافے کے بعد ایک لاکھ 72 ہزار 13 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی انتخابات کے نتائج، خام تیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

صوابی، ناقص میٹریل سے تعمیر ہونے والا پل چند روز بعد ہی گر گیا، تحقیقات کا مطالبہ

صوابی (این این آئی) صوابی کے علاقے یار حسین میں نواڈہ کے قریب چند روز قبل تعمیر ہونے والا پل مبینہ طور پر ناقص میٹریل کے استعمال کے باعث گر گیا، جس پر مقامی آبادی نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واقعے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

فریال تالپور عنقریب فیصل آباد کا تنظیمی دورہ کریں گی، عنایت شاہ

اپنے دورے کے دوران وہ ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر سید عنایت علی شاہ ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری، ڈویژنل سینئر نائب صدر رانا فرخ محمود خان، ڈویژنل و ڈسٹرکٹ میڈیا کوارڈینیٹر محمد طاہر شیخ نے کہا کہ محترمہ فریال تالپور عنقریب فیصل آباد کا تنظیمی دورہ کریں گی اور اپنے دورے کے دوران وہ ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی محترمہ فریال تالپور کی 10 یا 11 نومبر کو وسطی پنجاب میں سنٹرل سیکرٹریٹ آمد متوقع ہے۔ پنجاب بھر میں پیپلز پارٹی کو متحرک کرنے اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)



فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر فیصل نواز ترین کے ڈائریکٹر جنرل پنجاب ایئرپورٹس سکیورٹی فورس (پی ایس ایف) کیپٹن (ر) کیپٹن محمد عارف کے ہمراہ ایئرپورٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کر رہے ہیں

آئی ایل او کے کنٹری ڈائریکٹر کی جانب سے ڈائریکٹر پی سی فیصل آباد کو تعریفی شیلڈ پیش

محنت کش طبقے کو بہتر سماجی تحفظ اور طبی و دیگر سہولیات کی فراہمی کے لیے مزید موثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر گیر تھامس ٹونسٹول (Mr. Geir Thomas Tonstol) نے پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن (PESSI) فیصل آباد کے ڈائریکٹر احسان الحق (Mr. Ihsan ul Haq) کو ان کی غیر معمولی کارکردگی، لگن اور پیشہ ورانہ خدمات کے اعتراف میں تعریفی شیلڈ پیش کی۔ یہ تعریفی شیلڈ کنٹری ڈائریکٹر نے فیصل آباد کے دورے کے موقع پر پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پی سی فیصل آباد اور ان کے زیر انتظام ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور سماجی تحفظ کے لیے انجام دی جانے والی خدمات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

بیرسٹر دانیال نے چائنہ مارکیٹ تا گورڈن کالج روڈ کی تعمیر و بحالی کا سنگ بنیاد رکھ دیا

منصوبے پر 13 کروڑ 83 لاکھ روپے سے زائد لاگت آئے گی

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات و رکن قومی اسمبلی بیرسٹر دانیال چوہدری نے چائنہ مارکیٹ سے گورڈن کالج روڈ تک اہم شاہراہ کی ازسرنو تعمیر و بحالی اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا ہے، منصوبے پر پنجاب حکومت کی جانب سے 13 کروڑ 83 لاکھ 18 ہزار روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ تعمیراتی کام محکمہ مواصلات و تعمیرات (سی اینڈ ڈبلیو) کے متعلقہ انجینئرنگ شعبوں کے ذریعے مکمل کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ گورڈن گریجویٹ کالج اور گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول کالج روڈ کے قریب سنگ بنیاد کی تقریب منعقد ہوئی، جس کا اہتمام مقامی کمیونٹی اور کالج روڈ کی تاجر برادری نے کیا تھا۔

فیصل آباد پرائم لائنز کلب کے ممبران عوامی خدمات سرانجام دیتے رہیں، لائن شبیر احمد

**لائنز کلب ایک تنظیم